© rasailojaraid.com



کتابت خوبصورت ٹائیٹل دار ۱۲ روپے ہیں عثمانی کتب خانہ نشتر روڈ ملتان سے دستیاب ہے۔

**پیارے نبیؐ کی پیاری سنتیں** حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم انسانیت کے محسن، ان کی تعلیمات ہدایت کی ضمانت اور آپؐ کے اعمال پوری انسانیت کے لیے اسوۂ حسنہ ہیں ایک مسلمان کے شب و روز تب ہی مستحسن، کامیاب اور بارگاہ خداوندی میں مقبول اور معیاری زندگی قرار دیئے جاسکتے ہیں جب وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے شب و روز کے اعمال و اذکار سے مزین ہوں پیارے نبی کی پیاری سنتیں جب مسلمانوں کی زندگی میں آئیں گی تو زندگی خدا کو پیاری ہو جائے گی حضرت مولانا محمد نعیم اللہ فاروقی کا مرتب کردہ یہ مختصر مگر جامع رسالہ اس سلسلۂ رشد و ہدایت کی تبلیغ ہے ۱۰۷ صفحات پر مشتمل جیبی سائز کا یہ روحانی تحفہ ہر مسلمان کے پاس ہونا چاہیے عنوان ہی کتاب کا تعارف ہے یہ کتابچہ ۱۰ روپے میں خانقاہ نقشبندیہ مجددیہ مسجد زینب بند روڈ لاہور ۲۵ سے طلب کیا جاسکتا ہے۔

**میمن اسلامک پبلشرز کے مختصر رسائل** میمن اسلامک پبلشرز کی جانب سے حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کے مختصر کتابچے بھی موصول ہوئے ہیں پینے کے آداب، کھانے کے آداب، ڈاڑھی (از مولانا عاشق الٰہی صاحب) لباس کے شرعی اصول، عورت کی سربراہی (مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی) سستی کا علاج چستی، مغربی خواتین میں اسلام کا رجحان، تواضع، حسد، خواب کی شرعی حیثیت، دعوت کے آداب، میرے مرشد حضرت عارفی (مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی)۔ طباعت و اشاعت کا یہ طریق کار بے حد عمدہ ہے کم قیمت، کم حجم، ایک ہی نشست میں مطالعہ مکمل، طباعت شاندار ملنے کا پتہ

: میمن اسلامک پبلشرز ۱۸۸/۱ لیاقت آباد کراچی ۱۹

**قرارداد مقاصد بنام سپریم کورٹ پاکستان** قرارداد مقاصد پاکستان کی نظریاتی اساس ہے مگر ہمارے حکمران اور سیاست دان مغربی فلسفۂ سیاست اور اسلامی نظام حیات میں سے کسی ایک کے دو ٹوک انتخاب کرنے کا حوصلہ نہیں کرپاتے ان کی یہی بے حوصلگی ملک کے اجتماعی نظام کے تمام تر بگاڑ کا اصل سبب ہے، اعلیٰ عدالتوں میں ہونے والے مباحث بھی اسی ذہنی کشمکش کے آئینہ دار ہیں، سردار شیر عالم ایڈوکیٹ نے زیر تبصرہ مقالہ میں انتہائی حزم و احتیاط اور مستحکم استدلال کے ساتھ اسی فکری الحاد کے تار و پود کو بکھیر کر رکھ دیا ہے۔ چودھری محمد یوسف ایڈوکیٹ نے اس کا اردو میں ترجمہ کیا ہے حضرت مولانا زاہد الراشدی مدظلہ نے پیش لفظ لکھ کر مقالہ کی اہمیت کو دوبالا کردیا ہے، قارئین دو روپے کی ڈاک ٹکٹ بھیج کر مفت منگوا سکتے ہیں۔ صفحات ۴۸۔

ملنے کا پتہ :۔ الشریعہ اکیڈمی مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ۔



© rasailojaraid.com